روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10
الفضل
The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editoralfazl@gmail.com
سوموار 18 جولائی 2016ء 13 شوال 1437 ہجری 18 وفا 1395 ھش جلد 66-101 نمبر 161

رسولؐ اللہ کے 4 بنیادی فرائض

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

وہی (خدا) ہے جس نے امی لوگوں میں انہی میں سے ایک عظیم رسول مبعوث کیا۔ وہ ان پر اس کی آیات کی تلاوت کرتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب کی اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے جبکہ اس سے پہلے وہ یقیناً کھلی کھلی گمراہی میں تھے۔

اورانہی میں سے دوسروں کی طرف بھی (اسے مبعوث کیا ہے) جو ابھی ان سے نہیں ملے۔ وہ کامل غلبہ والا (اور) صاحب حکمت ہے (الجمعہ:4,3)

اخلاق عالیہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

مستشرقین کی نظر میں

قریبی لوگوں کی گواہی:

عیسائی پادری ریورنڈ باسورتھ سمتھ لکھتے ہیں:

آپؐ کے مشن (نبوت ورسالت) کو سب سے پہلے قبول کرنے والے وہ لوگ تھے جو آپؐ کو اچھی طرح جانتے تھے مثلاً آپؐ کی زوجہ، آپؐ کا غلام، آپؐ کا چچازاد بھائی اور آپؐ کا پرانا دوست جس کے بارے میں حضرت محمد ﷺ نے کہا تھا کہ اسلام میں داخل ہونے والوں میں سے وہ واحد انسان تھا جس نے کبھی اپنی پیٹھ نہیں موڑی تھی اور نہ ہی وہ کبھی پریشان ہوا تھا۔ عام پیغمبروں کی طرح حضرت محمد ﷺ کی قسمت معمولی نہ تھی کیونکہ آپؐ کی عظمت کا انکار کرنے والے صرف وہی لوگ ہیں جنہیں آپؐ کی ذات کا صحیح علم حاصل نہیں تھا۔

(Mohammed and Mohammedanism, by R. Bosworth Smith, Smith Elder & co.1876 p. 127)

بدرسوم کا خاتمہ کردیا:

وہ رسوم ورواج جن سے محمدؐ نے منع فرمایا نہ صرف آپؐ نے ان کی ممانعت فرمائی بلکہ ان کا مکمل طور پر قلع قمع کردیا جیسے انسانی قربانیاں، چھوٹی بچیوں کے قتل، خونی جھگڑے، عورتوں کے ساتھ غیر محدود شادیاں، غلاموں کے ساتھ نہ ختم ہونے والے ظلم وستم، شراب نوشی اور جوا بازی (اگر آپؐ ایسا نہ کرتے تو) یہ سلسلہ بلا روک ٹوک عرب اور اس کے ہمسایہ ممالک میں جاری رہتا۔

(Mohammed and Mohammedanism, by R. Bosworth Smith, Smith Elder & co.1876 p. 125)

غیرمتزلزل استقلال:

مجموعی طور پر مجھے یہ حیرانی نہیں کہ حضرت محمد (ﷺ) مختلف حالات میں کتنے بدل گئے تھے بلکہ تعجب تو یہ ہے کہ آپؐ کی شخصیت میں کتنی کم تبدیلی پیدا ہوئی تھی۔ صحرائی گلہ بانی کے ایام میں، شامی تاجر کے طور پر، غار حرا کی خلوت گزینی کے ایام میں، اقلیتی جماعت کے مصلح کی حیثیت سے، مدینہ میں جلاوطنی کے ایام میں، ایک مسلمہ فاتح کی حیثیت سے، ایرانی بادشاہوں اور یونانی ہرقلوں کے ہم مرتبہ ہونے کی حالت میں ہم آپؐ کی شخصیت میں ایک غیرمتزلزل استقلال کا مشاہدہ کرسکتے ہیں۔ مجھے نہیں لگتا کہ اگر کسی اور آدمی کے خارجی حالات اس قدر زیادہ بدل جاتے تو کبھی اس کی ذات میں اس قدر کم تبدیلی رونما ہوتی۔ حضرت محمد (ﷺ) کے خارجی حالات تو تبدیل ہوتے رہے مگر ان تمام حالتوں میں مجھے ان کی ذات کا جوہر ایک جیسا ہی دکھائی دیتا ہے۔

(Mohammed and Mohammedanism, by R. Bosworth Smith, Smith Elder & co.1876 p. 133)

زندہ فرمودات:

مشہور مؤرخ ایڈورڈ گبن لکھتے ہیں:

آپؐ کے مذہب کی تبلیغ کے بجائے اس کا دوام ہماری حیرت کا موجب ہے۔ حضرت محمد ﷺ نے مکہ اور مدینہ میں جو خالص اور مکمل نقش جمایا، وہ بارہ صدیوں کے انقلاب کے بعد بھی اسے قرآن کے انڈین، افریقی اور ترک نومعتقدوں نے ابھی تک محفوظ رکھا ہوا ہے...... مریدان محمد ﷺ اپنے مذہب اور عقیدت کو ایک انسان کے تصور سے باندھنے کی آزمائش اور وسوسے کے مقابل پڑڈٹے رہے۔ اسلام کا سادہ اور ناقابل تبدیلی اقرار یہ ہے۔ میں ایک خدا اور خدا کے رسول محمد پر ایمان لاتا ہوں۔ خدا کی یہ ذہنی تصویر بگڑ کر مسلمانوں میں کوئی قابل دید بت نہیں بنی۔ پیغمبر اسلام کے اعزازات نے انسانی صفت کے معیار کی حدود سے تجاوز نہیں کیا اور ان کے زندہ فرمودات نے ان کے پیروکاروں کے شکر اور جذبۂ احسان کو عقل اور مذہب کی حدود کے اندر رکھا ہوا ہے۔

(History of the Saracen Empire, by Edward Gibbon, Alex Murray and Son, London, 1870, p.54)

عبدالسلام ریسرچ فورم کانفرنس

عبدالسلام ریسرچ فورم کے تحت 3 اور 4 دسمبر 2016ء کو ربوہ میں International Conference on Internal Medicine & Tropical Cardiology منعقد کی جارہی ہے۔ اس کانفرنس میں دنیا کے مختلف ممالک سے ڈاکٹر صاحبان اپنی ریسرچ پیش کریں گے۔ اس موقع پر نوجوان ڈاکٹر صاحبان کے لئے ایک مقابلہ کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ 30 سال سے کم عمر ڈاکٹر صاحبان اپنی ریسرچ Poster Presentation کی صورت میں پیش کرسکتے ہیں۔

Poster Presentation کی تفصیلات کانفرنس کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔ www.medicalconf.com یا پھر فون نمبر 0345-3050084 پر رابطہ کرکے مطلوبہ تفصیلات معلوم کی جاسکتی ہیں۔

اس سے قبل اپنی ریسرچ 250 الفاظ کے Abstract کی صورت میں Info@medicalconf.com پر بذریعہ ای میل بھجوائیں۔ منظور ہونے والے Abstracts اس مقابلہ میں شامل ہوں گے۔ اس مقابلے میں اول آنے والی ریسرچ کو Abdus Salam Young Researchers Award دیا جائے گا۔ نوجوان ڈاکٹر صاحبان سے درخواست ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ اس کانفرنس میں شرکت فرمائیں۔ (نظارت تعلیم)

ماہر امراض جلد کی آمد

مکرم ڈاکٹر عبدالرفیق سمیع صاحب ماہر امراض جلد مورخہ 24 جولائی 2016ء کو فضل عمر ہسپتال ربوہ میں تشریف لائیں گے۔ احباب و خواتین سے گزارش ہے کہ وہ موصوف کی خدمات سے استفادہ کیلئے پرچی روم سے اپنی پرچی بنوالیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ سے رابطہ کریں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 6 روپے

خطبہ نکاح مورخہ 16 جون 2014ء بمقام بیت الفضل لندن

بیان فرمودہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ

تشہد وتعوذ اور مسنون آیات قرآنیہ کی تلاوت کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

اس وقت میں چند نکاحوں کا اعلان کروں گا۔ نکاح اور شادی کے موقعہ پر انسان خاص طور پر وہ لڑکے اور لڑکیاں جن کی شادی ہو رہی ہو بڑے خوش ہوتے ہیں، ان کے خاندان خوش ہوتے ہیں۔ لیکن حقیقی خوشی اس وقت ہوتی ہے جب ہر لحاظ سے یہ شادیاں، یہ رشتے کامیاب بھی ہوں۔ ایک دوسرے کے جذبات کا خیال رکھنے والے ہوں۔ ایک دوسرے کی پریشانیوں اور دکھوں کا درد رکھنے والے ہوں۔

پس اسی لئے اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ ہدایت دی ہے کہ ان شادیوں کو صرف دنیاوی خوشیوں کا ذریعہ نہ بناؤ بلکہ اپنے نفسوں کو ٹٹولو۔ ان میں اگر کوئی ایسی برائی ہے جو تمہارے رشتوں میں دراڑیں پیدا کرسکتی ہے تو اللہ تعالیٰ سے دعا کرو کہ ہمارے اعمال کی برائیوں کو اللہ تعالیٰ دور فرمائے اور یہ رشتے جو قائم ہونے والے ہیں ان میں کسی لغزش کی وجہ سے، ہماری کسی کوتاہی کی وجہ سے، ہماری کسی شامت اعمال کی وجہ سے دراڑیں پیدا نہ ہونے لگ جائیں۔

حضور انور نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ہی ہے جو ہدایت دیتا ہے اور جس کو اللہ تعالیٰ ہدایت دے دے اس کو پھر دنیا چاہے جتنا مرضی زور لگا لے اس کو گمراہ نہیں کرسکتی۔ لیکن ہدایت کے لئے بھی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تمہیں کچھ باتوں پر عمل کرنا ہوگا۔ ان رشتوں کو نبھانے کے لئے کچھ چیزوں پر عمل کرنا ہوگا اور اس کے لئے سب سے پہلی چیز تقویٰ ہے۔ تقویٰ اختیار کرو۔ اللہ تعالیٰ کے احکامات کو سامنے رکھو۔ اپنے جو نئے رشتے قائم ہونے والے ہیں ان کے جاری رکھنے کے لئے یا ان کے حق ادا کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے جو ہدایات دی ہیں ان پر غور کرو، ان پر عمل کرو، ان کو اپنی زندگیوں کا حصہ بناؤ۔ اور یاد رکھو اور یہ نہ سمجھو کہ تم جو کچھ کر رہے ہو تمہیں کوئی دیکھنے والا نہیں۔ بعض لڑکوں کی طرف سے ظلم ہوتے ہیں، بعض لڑکیوں کی طرف سے یا ان کے خاندانوں کی طرف سے زیادتیاں ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نگران ہے وہ تمہیں دیکھتا ہے اور اس بات کو ہمیشہ یاد رکھو کہ اگر اللہ تعالیٰ کے حکموں پر نہیں چلو گے تو جہاں تمہاری اس زندگی میں، اس دنیا میں تمہیں مشکلات کا سامنا ہوگا، تمہیں پریشانیوں کا سامنا ہوگا، دکھوں اور تکلیفوں سے تم گزرو گے وہاں اللہ تعالیٰ کی سزا کے بھی مستوجب ٹھہرو گے۔ اس لئے ان رشتوں کو نبھانے کے لئے اللہ تعالیٰ کی ہدایات کو ہمیشہ سامنے رکھو اور پھر اگر تقویٰ پر چلتے رہو گے، ہدایات کو سامنے رکھو گے اور یہ ہدایت تمہارے پیش نظر رہے گی کہ تم نے ان رشتوں کو نبھانے کے لئے ہمیشہ سچ بولنا ہے، سچائی پر قائم رہنا ہے، ایک دوسرے کا اعتماد حاصل کرنے کے لئے ایک دوسرے سے کوئی بات نہیں چھپانی اور جب لڑکا اور لڑکی میں یہ اعتماد حاصل ہوتا ہے تو وہی رشتے کامیاب ہوتے ہیں۔ بعض باتیں اگر چھپائی جائیں تو کبھی رشتے کامیاب نہیں ہوتے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔ پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تم کل کو بھی دیکھو۔ اپنی کل کو بھی دیکھو اور اپنی نسلوں کی کل کو بھی دیکھو۔ تمہاری کل یہ ہے کہ تمہارے رشتے صحیح طرح نبھائے جا رہے ہیں کہ نہیں۔ تمہاری کل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے احکامات کی پابندی کرکے تم آئندہ آنے والی جو ہمیشہ کی زندگی ہے اس کیلئے اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کی کوشش کر رہے ہو کہ نہیں۔ تمہاری کل یہ ہے کہ تمہارے آپس کے تعلقات کی وجہ سے تمہارے بچے ایک اچھے ماحول میں پروان چڑھ رہے ہیں کہ نہیں۔ تمہاری کل یہ ہے کہ جب تمہارے بچے پیدا ہوں۔ تو وہ اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کرنے والے ہیں کہ نہیں۔ تمہاری کل یہ ہے کہ تمہارے جو بچے پیدا ہو رہے ہیں ان کو تم خلافت کے نظام سے جوڑنے کے لئے ان کی تربیت کر رہے ہو کہ نہیں۔ تمہاری کل یہ ہے کہ تم اپنے بچوں کی ایسی تربیت کر رہے ہو کہ نہیں جو تمہارے لئے دعائیں کریں اور ان کی دعائیں تمہارے مرنے کے بعد تمہارے کام آئیں۔ پس جتنا آپ اس کو پھیلانا چاہیں ان سے مزید وسیع مضمون نکلتے چلے جاتے ہیں۔ پس یہ دیکھنے کی ضرورت ہے اگر اس نہج پہ یہ خوشیاں منائی جا رہی ہوں تو پھر ہی وہ ہمیشہ کی کامیابی کی ضمانت بنتی ہیں۔ اگر اس طریق پر یہ خوشیاں نہیں منائی جا رہیں تو یہ عارضی خوشیاں ہوں گی۔

حضور انور نے فرمایا: آج جو رشتے طے ہو رہے ہیں ان میں واقفین نو بھی ہیں، واقفین زندگی بھی ہیں، مربیان بھی ہیں اور مربیان کی سب سے زیادہ بڑی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ جہاں اپنے آپ کو نمونہ بنائیں، دوسرے ان سے ہدایت حاصل کرنے والے ہوں، ان کے نمونے کو دیکھنے والے ہوں، وہاں وہ اپنے گھروں میں بھی ایک ایسا ماحول پیدا کریں جہاں دین ہمیشہ دنیا پر مقدم رہے۔ ان کی بیویوں کو بھی خیال رکھنا چاہئے کہ ایک وقف زندگی کی بیوی، ایک مربی سلسلہ کی بیوی اسی طرح وقف زندگی ہے جس طرح اس کا خاوند اور اس کو اسی طرح قربانیاں دینے کی ضرورت ہے جس طرح اس کے خاوند کو دینی پڑیں گی یا اس سے توقع کی جاسکتی ہے۔ پس یہ سوچ واقفین زندگی سے، مربیان سے شادی اور نکاح کرنے والوں کی ہونی چاہئے اور ان کے خاندانوں کی بھی ہونی چاہئے کہ یہ نہ سمجھیں کہ ان کی بیٹی کی ساری خواہشات پوری کی جائیں گی۔ محدود وسائل میں اور مختلف جگہوں پر رہتے ہوئے، جہاں بھی مربی یا واقف زندگی تعینات ہوتا ہے اس کو اس کے ساتھ ان سختیوں سے بھی گزرنا پڑے گا۔ اب تو افریقہ میں بھی بہت سارے حالات بہتر ہیں۔ پہلے ایسے حالات تھے کہ مربیان کو بڑی قربانیاں دینی پڑتی تھیں اور ان کی بیویاں اور بچے بھی اس میں شامل ہوتے تھے۔ ان بزرگوں نے کبھی اُف نہیں کی، کبھی مطالبے نہیں کئے۔ تو یہ تربیت ہے جو جماعت کے واقفین زندگی کی ہونی چاہئے اور مربیان کی ہونی چاہئے اور یہ تربیت ہے جو ہر احمدی کی ہونی چاہئے کہ اس نے اعمال صالحہ بجالانے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکموں پر عمل کرنا ہے تاکہ اس زندگی کی خوشیاں اتنی لمبی پھیلتی چلی جائیں کہ وہ آئندہ زندگی میں بھی اس کے کام آسکیں۔

پس یہ باتیں خاص طور پر ہر ایک نئے شادی شدہ جوڑے کو بھی، ہر جوان کو بھی جو شادی شدہ ہے اور ہر بوڑھے کو بھی یاد رکھنی چاہئیں کہ اب بھی، جس وقت بھی خیال آجائے اسی وقت اصلاح کی کوشش کریں۔ اس طریق پر سوچنے کی کوشش کریں اور اپنے گھروں کو اس طرح بنانے کی کوشش کریں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم دیا ہے۔

اللہ کرے کہ یہ قائم ہونے والے رشتے بھی اور جماعت کے تمام رشتے اس سوچ کے ساتھ اپنی زندگیاں گزارنے والے ہوں۔ اب ان چند الفاظ کے بعد میں نکاحوں کا اعلان کروں گا۔

حضور انور نے فرمایا: پہلا نکاح عزیزہ عافیہ نیلوفر بنت مکرم مبارک احمد تنویر صاحب مربی سلسلہ کا جناح الدین سیف کے ساتھ ہے جو فلاح الدین سیف صاحب کے بیٹے ہیں اور یہ نکاح تین ہزار یورو حق مہر پر طے پایا ہے۔

حضور انور نے فرمایا:۔ اگلا نکاح عزیزہ یسریٰ بنت عمرو ابن حسن بن عمرو کا ہے۔ آج کل یہ بیلجیئم میں ہیں۔ یہ اردو سمجھتے ہیں یا انگلش سمجھتے ہیں؟ یا فرنچ سمجھتے ہوں گے۔

عرض کیا گیا کہ فرنچ ہی سمجھتے ہیں۔ فرمایا: فرنچ ہی سمجھتے ہیں تو میں تو فرنچ نہیں بولتا۔ ان کو ترجمہ کر دیں۔ ان کا نکاح محمد بلال خان سکندر ابن حافظ احسان سکندر صاحب کے ساتھ ساڑھے تین ہزار یورو حق مہر پر طے پایا ہے۔

حضور انور نے حافظ احسان سکندر صاحب سے دریافت فرمایا: آپ کا بیٹا کہاں ہے؟

حافظ احسان سکندر صاحب نے عرض کیا کہ آج Exam میں مصروف ہے۔

حضور انور نے از راہ مزاح حافظ صاحب سے دریافت فرمایا: پکا ہے نہ؟

پھر حضور انور نے حافظ صاحب سے فرمایا کہ ان سے پوچھیں کہ یہ بِن ہے کہ بَن؟ حافظ صاحب کے استفسار پر انہوں نے عرض کیا کہ بِن ہے۔

اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ''بن عمرو'' کے الفاظ کو دو مرتبہ دوہرایا اور پھر فرمایا:

اگلا نکاح فائزہ کبیر الدین کا ہے جو مکرم کبیر الدین صاحب کی بیٹی ہیں اور یہ نکاح لقمان احمد باجوہ جو کہ شاہد کلاس جامعہ یوکے کے طالب علم ہیں اور محمد بوٹا باجوہ صاحب کے بیٹے ہیں۔ ان کے ساتھ تین ہزار یورو حق مہر پر طے پایا ہے۔

حضور انور نے لقمان احمد باجوہ صاحب کو مخاطب کر کے فرمایا: کالر ڈھیلا کیا ہوا ہے! گرمی لگ رہی ہے یا ٹائی کی وجہ سے سانس نہیں آ رہا یا ذمہ داری پڑنے کی وجہ سے سانس رک رہا ہے؟ اور پھر فرمایا:

حضور انور نے فرمایا: اگلا نکاح حانیہ خان بنت مکرم محمد اکرم خان صاحب جرمنی کا ہے جو عزیزم شعیب عمر ابن مکرم حبیب احمد عمر صاحب طالب علم جامعہ جرمنی کے ساتھ تین ہزار یورو حق مہر پر طے پایا ہے۔

حضور انور نے فرمایا: عزیزہ رضوانہ ناصر بنت مکرم محمود احمد ناصر صاحب کا نکاح ہے جو آفاق احمد متعلم جامعہ احمدیہ جرمنی کے ساتھ (جو اشتیاق احمد صاحب کے بیٹے ہیں) تین ہزار یورو حق مہر پر طے پایا ہے۔

حضور انور نے فرمایا: اگلا نکاح عزیزہ لبنیٰ تنویر گھمن بنت مکرم تنویر احمد گھمن صاحب جرمنی کا ہے جو منصور احمد گھمن طالبعلم جامعہ جرمنی کے ساتھ (جو منور احمد گھمن صاحب کے بیٹے ہیں) تین ہزار یورو حق مہر پر طے پایا ہے۔

حضور انور نے مکرم پرائیویٹ سیکرٹری صاحب کو مخاطب کر کے فرمایا: ہو گئے سارے؟

جس پر انہوں نے اثبات میں جواب عرض کیا۔

نکاحوں کے اعلان اور فریقین کے درمیان ایجاب وقبول کروانے کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے رشتوں کے بابرکت ہونے کے لئے دعا کروائی اور فریقین کو شرف مصافحہ بخشتے ہوئے مبارکباد دی۔

(مرتبہ: مکرم ظہیر احمد خان صاحب)

مکرم ڈاکٹر بشارت احمد صاحب

محترم حکیم قاضی نذر محمد صاحب چک چٹھہ کا ذکر خیر

میرے والد محترم حکیم قاضی نذر محمد صاحب ولد حکیم عبدالعزیز صاحب مرحوم آف قاضی دواخانہ چک چٹھہ (ضلع حافظ آباد) مورخہ 13/اپریل 2016ء اللہ تعالیٰ کی رضا سے بعمر 81 سال وفات پا گئے۔ بفضل اللہ تعالیٰ آپ موصی تھے۔ آپ نے اپنی ابتدائی عمر میں وصیت کی توفیق پائی۔ آپ احمدیت کے فدائی تھے۔ خلافت احمدیہ سے والہانہ محبت اور بے حد پیار تھا اور خلیفہ وقت کے ہر ارشاد کو حکم سمجھتے اور اس پر عمل کرنے کی نہ صرف کوشش کرتے بلکہ دوسروں کو بھی مؤثر عمل کی تلقین کیا کرتے تھے۔ دعوت الی اللہ کا بے حد شوق اور لگاؤ تھا۔ ہر کسی سے نہایت شفقت محبت اور پیار سے پیش آتے خاص طور پر مربیان سلسلہ اور عہدیداران جماعت سے بے انتہاء پیار کرتے تھے۔

آپ اپنے والد مکرم حکیم عبدالعزیز صاحب آف چک چٹھہ کے سب سے بڑے بیٹے تھے۔ حکیم عبدالعزیز صاحب جماعت احمدیہ چک چٹھہ کے پہلے احمدی فرد تھے۔ ہماری دادی محترمہ بخت بی بی صاحبہ حضرت میاں کرم دین صاحب آف پیرکوٹ ثانی رفیق حضرت مسیح موعود کی بیٹی تھی۔ 1935ء میں ان کے ہاں چک چٹھہ میں پیدا ہوئے۔

والد صاحب نے ابتدائی تعلیم اپنے والد صاحب کی نگرانی میں حاصل کی۔ پرائمری تعلیم قریبی گاؤں ساگر کلاں سے حاصل کی۔ مڈل اور ہائر سیکنڈری تعلیم گورنمنٹ ہائی سکول حافظ آباد سے حاصل کی۔ دادا جی کو بیٹے کی دینی تعلیم کا بڑا شوق تھا۔ چنانچہ پہلے خود پھر مختلف مربیان اور معلمین سے دینی تعلیم کا بندوبست کرتے رہے۔

آپ 1954ء میں ہائی سکول سے فارغ ہوئے اور طب کی تعلیم حاصل کرنا شروع کی۔ طبیہ کالج لاہور کی ایک ذیلی برانچ حافظ آباد میں تھی جس کے پرنسپل حکیم عبدالرحیم صاحب تھے۔ ان سے پڑھا اور نظریہ افعال الاعضاء میں امتحان پاس کر کے سند ممتاز الاطباء کے حقدار قرار پائے اور گورنمنٹ رجسٹرڈ اطباء میں شامل ہوئے۔

1958ء میں اپنے دواخانہ کی ابتداء کی جو کہ بفضل اللہ تعالیٰ آج تک قائم ہے۔ آپ نظریہ افعال الاعضاء کے قائل تھے جس کی ابتداء حضرت حکیم احمد دین صاحب شاہدرہ والے نے کی جو حضرت مسیح موعود کے رفیق تھے۔

حکیم عبدالعزیز صاحب اپنے خاندان اور برادری میں سے پہلے اور اکیلے احمدی تھے۔ حکیم عبدالعزیز صاحب مرحوم کا احمدیت قبول کرنے کا واقعہ اس طرح ہے کہ حضرت میاں کرم دین صاحب کی اہلیہ حکیم عبدالعزیز صاحب کے والد محترم کے پاس بیٹھی تھیں۔ حضرت میاں کرم دین صاحب کا پورا گھرانہ احمدی تھا۔ محترم حکیم عبدالعزیز صاحب کے والد صاحب نے رشتہ طلب کرنے کی بات کی تو حضرت میاں کرم دین صاحب کی اہلیہ محترمہ نے کہا کہ آپ اپنے بیٹے کو احمدی کر دو تو میں رشتہ دے دوں گی۔ حکیم عبدالعزیز صاحب کے والد نے آپ سے اس بات کا ذکر کیا تو حکیم عبدالعزیز صاحب نے کہا کہ میں تو پہلے ہی بفضل اللہ تعالیٰ دل سے احمدی ہو چکا ہوں بس کوئی موقع چاہئے تھا کہ میں اس کا اظہار کرتا سو آپ لوگوں نے مجھے موقع فراہم کر دیا۔ اس طرح دادا جی حکیم عبدالعزیز صاحب نے احمدیت قبول کر لی۔

محترم حکیم قاضی نذر محمد صاحب کو اپنے نانا کے رفیق ہونے کی بڑی خوشی تھی اکثر ذکر کیا کرتے تھے۔

محترم حکیم قاضی نذر محمد صاحب کی ایک رؤیا ہے جس میں آپ نے حضرت مسیح موعود کے ہاتھ پر بیعت کی۔

مورخہ 4,3 جون 1973ء کی درمیانی شب میں نے خواب میں دیکھا کہ مکرم میاں اللہ دتہ صاحب سکنہ کرتو ضلع شیخوپورہ نے مجھے بتایا کہ حضرت مسیح موعود کسی مقدمہ کی پیشی کے سلسلہ میں تشریف لائے ہوئے ہیں۔ آؤ میں تم کو ان کی زیارت کرواؤں میں اللہ دتہ صاحب کے ساتھ ہولیا۔ دور سے میں نے دیکھا کہ ایک بزرگ زمین پر چادر بچھا کر لیٹے ہوئے ہیں جب ہم ان کی طرف جا رہے ہیں تو آپ وہاں سے اٹھے اور ہماری طرف آرہے ہیں۔ جب قریب آئے ہیں تو میاں اللہ دتہ سے فرمایا کہ ان کو (یعنی خاکسار کو) کہاں لے کے چلے ہو یوں معلوم ہوتا ہے کہ میاں اللہ دتہ صاحب کو حضرت مسیح موعود جانتے ہیں۔ اس پر میاں صاحب نے کہا کہ میں ان کو حضور کی زیارت کے لئے لایا ہوں۔

جب میں میاں اللہ دتہ صاحب کے ساتھ جا رہا تھا تو میرے دل میں خیال آرہا تھا کہ میں ان کی صداقت کو کس طرح پرکھوں گا۔ پھر مجھے خیال آیا کہ جس شخص کے دل میں رسولﷺ اللہ کا عشق ہو اس کی آنکھوں میں خوبصورت سبز رنگ کی چمک ہوتی ہے۔

جب میں نے حضرت مسیح موعود کو دیکھا تو حضور کا پنجابی لباس تھا۔ دیسی جوتا حضور نے پہنا ہوا تھا عمر تقریباً ستر پچھتر سال کے قریب معلوم ہوتی تھی۔ لمبی لمبی سفید داڑھی میں کوئی کوئی سیاہ بال تھا۔ سر پر حضور نے پگڑی پہنی ہوئی تھی خوبصورت چہرہ اور رنگ گندمی تھا اور آنکھوں میں خوبصورت سبز رنگ کی چمک تھی۔ حضور نے مجھے مخاطب کر کے اپنے سینے پر انگلی رکھ کر فرمایا: ’’میں اللہ کا نبی ہوں‘‘۔

میں نے سوچا کہ جو معیار میں نے صداقت پرکھنے کا رکھا تھا وہ تو پورا ہے۔ میں نے فوراً حضور کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھ دیا۔ حضور بیعت کے الفاظ بولتے جاتے اور میں پیچھے پیچھے دہراتا جاتا اس طرح میں نے بیعت کر لی۔ میں نے 65 روپے چندہ حضور کی خدمت میں پیش کیا غالباً سو روپے کا نوٹ تھا۔ حضور نے مجھے 35 روپے تین دس دس کے اور ایک پانچ روپے کا نوٹ واپس دیا اس کے بعد میں حضرت مسیح موعود کی صداقت کی بازاروں میں منادی کرتا ہوں۔ اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی اس وقت رات کے تین بجکر دو تین منٹ تھے۔ شدت جذبات سے میرے آنسو رواں تھے میں خداتعالیٰ کو حاضر ناظر جان کر اپنا خواب بیان کر رہا ہوں۔

اسی وقت میں نے خواب لکھ لی۔

مورخہ 25 نومبر 1973ء کو ایک اجتماعی ملاقات میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کو اپنی مختصر خواب سنائی اور سو روپے کا نوٹ حضور کی خدمت میں پیش کیا اور مجھے 35 روپے تین دس دس کے اور ایک پانچ روپے کا نوٹ واپس ملا۔

احمدیت سے والہانہ محبت

حکیم صاحب کو احمدیت سے بے پناہ محبت تھی۔ آپ نے اپنی ابتدائی عمر سے ہی احمدیت کی ترقی اور خدمت کے لئے اپنے آپ کو حاضر کئے رکھا آپ کو احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کا بڑا فکر رہتا تھا۔ خود کوشش کر کے معلم اور مربی سلسلہ کا انتظام کرواتے جب کسی مجبوری کی وجہ سے معلم یا مربی سلسلہ موجود نہ ہوتے تو خود دینی مسائل اور سلسلہ کی تعلیمات کے درس اور کلاسز لیا کرتے تھے۔

محترم حکیم صاحب کو خلافت احمدیہ سے بے انتہا پیار، محبت اور والہانہ لگاؤ تھا۔ نہ صرف خود خلیفہ وقت کے ارشادات پر عمل کرتے بلکہ دوسروں کو بھی اس کی مؤثر رنگ میں تلقین کرتے رہتے اپنی تمام اولاد در اولاد کو خلافت سے وابستہ رہنے کی زبردست تلقین کرتے تھے۔

کبھی کبھی شعر بھی کہتے تھے۔ ایک دن الفضل پڑھتے ہوئے لکھا: ؎

ایڈیٹر الفضل نے کمال کر دیا ہے
زمانہ ماضی کو حال کر دیا ہے
خلیفہ وقت کی رہنمائی میں
احمدیوں کو نہال کر دیا ہے

حضور انور کے خطبہ جمعہ کا انتظار رہتا تھا۔ خود سنتے اور باقیوں کو سننے اور عمل کی تلقین کرتے رہتے تھے۔

خلافت سلسلہ کے بارے میں اپنی دو رؤیا تحریر کر گئے ہیں۔

مندرجہ ذیل خواب خدا تعالیٰ کو حاضر ناظر جان کر بیان کر رہا ہوں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کا دور خلافت تھا اور خلافت کے آخری سال تھے۔ میں نے خواب میں سنا کہ خلیفۃ المسیح سیالکوٹ کی جماعتوں کا دورہ کرنے جا رہے ہیں اور چک چٹھہ سے گزریں گے۔

ہم چک چٹھہ میں دواخانہ حکیم عبدالعزیز کے آگے کھڑے ہو گئے اسی دوران ربوہ کی طرف سے دو گاڑیاں آگئیں اور دواخانہ کے سامنے سے چند قدم آگے جا کر رک گئیں جس میں سے حضرت مرزا ناصر احمد صاحب باہر نکلے ہیں اور آپ کے گرد سیکیورٹی حصار بن گیا ہے۔ ہم حیران ہیں کہ گاڑی سے تو حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کو نکلنا چاہئے تھا اور نکلے حضرت مرزا ناصر احمد صاحب ہیں۔

مندرجہ ذیل واقعہ خدا تعالیٰ کو حاضر ناظر جان کر بیان کرتا ہوں کہ میرے والد محترم حکیم عبدالعزیز صاحب نے مجھے اپنا ایک خواب حضور خلیفہ ثالث کے عہد خلافت میں سنایا کہ میں اور میرا بیٹا قاضی نذر محمد کسی جگہ ایک دریا کے کنارہ پر ہیں میں حضرت مرزا طاہر احمد صاحب کی بیعت کرنا چاہتا ہوں۔ تو حضرت مرزا طاہر احمد صاحب نے فرمایا ایک سال کے بعد۔

خواب کا تاریخ سن مجھے (قاضی نذر محمد) یاد نہیں ہاں دور خلافت حضرت خلیفہ ثالث مرزا ناصر احمد صاحب کا تھا۔

قرآن مجید کا مطالعہ بڑے شوق سے کرتے تھے اور روزانہ کا معمول تھا۔ اپنے پاس اپنے مطب میں میز کی دراز میں قرآن کریم کا نسخہ رکھا ہوا تھا۔ اکثر اس کی تلاوت کیا کرتے تھے۔ روزنامہ الفضل کا روزانہ باریک بینی سے مطالعہ کرتے اور اس میں سے کوئی اہم اور چنیدہ بات نماز کے بعد احباب جماعت کو سنایا کرتے تھے۔

والد صاحب کو سلسلہ احمدیہ کی کتب سے بہت پیار اور محبت تھی۔ حضرت مسیح پاک کی تمام کتب کا نیا سیٹ اپنے پاس رکھتے تھے۔ اس کے علاوہ خلفائے احمدیت کی تقریباً تمام اہم تصنیفات آپ کے پاس موجود تھیں اور ان کا مطالعہ دل جمعی سے کرتے تھے۔

آپ کو وقف عارضی کرنے کا بہت شوق تھا۔ اپنی ابتدائی عمر سے ہی وقف عارضی کی تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ نہ صرف نزدیکی جماعتوں میں وقف عارضی کیا کرتے تھے۔ بلکہ دور دراز کی مجالس میں بھی جماعتی ہدایات کے مطابق جا کر وقف عارضی کیا کرتے تھے اور احباب کو دینی مسائل سکھانا بڑا پسند تھا۔

مربیان و جماعتی عہدیداران سے محبت و پیار تھا اور ان کا بہت احترام کرتے تھے۔

چونکہ آپ کا مطب برلب جی ٹی روڈ اور بیت الذکر احمدیہ کے قریب تھا۔ اس لئے اکثر مربیان و جماعتی عہدیداران جو حافظ آباد گوجرانوالہ روڈ سے گزرتے تھے۔ آپ کے پاس ٹھہر جایا کرتے تھے۔ آپ ان کے ساتھ انتہائی محبت شفقت اور پیار سے پیش آتے ان کی تواضع کا خیال رکھتے اور ان کے آرام کا خیال اپنی نگرانی میں کرواتے تھے۔

شہدائے احمدیت سے پیار

محترم حکیم صاحب کو شہدائے احمدیت اور اسیران

راہ مولیٰ سے بہت پیار تھا۔ 28 مئی لاہور والے واقعہ کا انتہائی رنج تھا۔ جن شہداء کے گھر خود تعزیت کے لئے جاسکتے تھے جاتے تھے۔ جن اسیران کو جیل جاکر مل سکتے تھے ملتے تھے۔

دعوت الی اللہ

محترم حکیم صاحب زبردست داعی الی اللہ تھے۔ جماعت کے بنیادی اور اختلافی مسائل بڑے مؤثر رنگ میں باریک بینی سے بیان کیا کرتے تھے۔ بہت سارے غیراز جماعت علماء سے بڑی دفعہ مناظرے کئے اور ان کو دلائل سے لاجواب کر دیا۔ فرمایا کرتے تھے کہ مجھے احمدیت کے خلاف کئے گئے ہر سوال کا جواب آتا ہے۔ فرماتے تھے اس سلسلہ میں تین احمدی علماء نے میری بڑی تعلیم و تربیت کی ہے۔ جن میں 1۔محترم مولانا سید احمد علی شاہ صاحب۔ 2۔مولوی احمد خان نسیم صاحب اور 3۔مولانا گیانی واحد حسین صاحب شامل ہیں۔

آپ کی مؤثر دعوت الی اللہ سے خدا کے فضل سے کئی گھرانے احمدیت میں داخل ہو کر آج خداتعالیٰ کی برکات سمیٹ رہے ہیں۔

مرحوم خداتعالیٰ کے فضل سے ابتدائی عمر سے موصی تھے۔ اپنا چندہ وصیت باقاعدگی سے ادا کرتے تھے۔ اس کے لئے انہوں نے علیحدہ علیحدہ چندہ Box بنا رکھے تھے۔ جن میں وہ روزانہ باقاعدگی سے اپنی کمائی میں سے چندہ جات کا حصہ نکال کر رکھتے تھے اور وقت سے پہلے سیکرٹری مال صاحب کو چندہ ادا کر کے رسید حاصل کرتے تھے۔ اس کے علاوہ کوئی بھی جماعتی خدمت ہوتی پیش پیش رہتے تھے۔

اسی طرح غرباء مساکین، بیوہ اور یتیموں کا خاص طور پر خیال رکھتے۔ آپ کی وفات کے بعد بیشمار ایسے لوگوں نے آکر آپ کے سخی ہونے کی گواہی دی۔ جن میں اکثر غیر احمدی لوگ شامل تھے۔

حکیم صاحب بڑے مہمان نواز طبیعت کے مالک تھے۔ کوئی بھی جماعتی عہدیدار یا دنیاوی بندہ آتا تو اس کو بغیر کچھ کھائے پیئے نہ جانے دیتے تھے۔ مہمانوں کے لئے کھانے کا انتظام کرواتے۔ یہاں تک کہ جو مزدور پاس مزدوری کے لئے لگا ہوتا۔ اس کے کھانے پینے کا خود اپنے ہاتھ سے اہتمام کرتے۔ ان کے آرام کا خیال رکھتے۔ کبھی کسی مزدور یا کمزور فرد سے اونچی آواز میں بات نہ کرتے کہ کہیں اس کی دلآزاری نہ ہو جائے۔ اپنے بچوں کو مہمان نوازی کی تلقین کرتے اور فرماتے کہ میں نے نہ ساری زندگی کسی کو نقصان پہنچایا ہے اور نہ آپ لوگ ایسا کرنا۔

اسی طرح خدمت خلق میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ کسی غریب بیمار یتیم یا لاوارث کا پتہ چلتا خواہ وہ احمدی ہو یا غیر از جماعت اس کے پاس پہنچتے اپنی سکت کے مطابق اس کی مالی خدمت کرتے اور اس کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرواتے۔ آپ نے تقریباً 40 سال سے اپنے مطب کے سامنے ایک نلکا اور جانوروں کے پانی پینے کے لئے حوض بنایا ہوا تھا۔ جس پر ہر آنے جانے والا پیاسا انسان ہو یا جانور وہ پیاس بجھاتا تھا اور دعا دیتا تھا۔

مرحوم انتہائی محنتی اور دیانتدار شخص تھے۔ اپنے کاروبار میں انتہا کی محنت کی اور دیانتداری سے نام پیدا کیا۔ جس کا خداتعالیٰ نے انہیں بے انتہاء صلہ دیا۔ ان کی تجویز کردہ ادویات سے نہ صرف لاکھوں افراد مستفید ہوئے بلکہ سینکڑوں گھروں کے روزگار چلتے ہیں۔ ہمیشہ اپنے ہاتھ سے کام کیا اپنے مطب کا کام، اپنی بیت الذکر کا کام کیا۔

محترم حکیم صاحب وقار عمل کی تحریک کے بڑے مداح تھے اور اس کو عملی اصلاح کا ذریعہ قرار دیتے تھے۔ گاؤں کی گلیاں نالیاں سکول اور باقی عوامی مقامات کی صفائی اکثر وقار عمل میں حصہ لے کر اپنے ہاتھ سے کیا کرتے تھے۔

مرحوم کو پھولدار اور پھلدار پودے لگانے کا بہت شوق تھا۔ اپنے دواخانہ اور گھر کے سامنے سایہ دار درخت لگاتے تھے۔

ایک چڑیا نے آپ کے مطب میں گھونسلہ بنا رکھا تھا۔ ہر روز شام کو اس کے واپس اپنے گھونسلے میں آجانے کا انتظار کر کے دروازے اور کھڑکیاں بند کیا کرتے تھے۔ کہیں چڑیا کو تکلیف نہ ہو اور اگر ایک دو دن نہیں جاتے اور دواخانہ پیچھے سے بند رہتا تو ہدایت کر کے جاتے کہ چڑیا کے باہر نکلنے اور اندر آنے کے لئے ضرور دروازہ کھولا جائے۔

آپ کو اپنے پیشے سے بڑی محبت تھی اور اس کو خدمت خلق دعوت الی اللہ اور غرباء پروری کا ذریعہ سمجھتے تھے۔ ہر مریض کو دیانتداری سے دوائی دیتے کبھی لالچ نہ کرتے۔

آپ اکثر مریضوں کو دوائی دے کر کہتے کہ خداتعالیٰ سے دعا کرنا کہ اللہ تعالیٰ تجھے شفا دے اور صرف دوائی پر بھروسہ نہ کرنا خداتعالیٰ کے فضل سے اس میں اثر ہوتا تھا اور بہت سارے لوگ آپ کی دوائی سے شفایاب ہوئے۔ ہزاروں لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے اپنی عطاء سے آپ کی دوائی کے ذریعہ اولاد نرینہ سے نوازا۔ آپ کی وفات کے دوسرے دن ایک عورت آگئی اور بتایا کہ اس نے حکیم صاحب سے ملنا ہے۔ اسے بتایا گیا کہ آپ فوت ہوگئے ہیں اس نے کہا کہ ان کی دوائی سے اللہ تعالیٰ نے مجھے دس سال بعد بیٹا عطا کیا ہے۔ دور دراز سے مریض آتے تھے۔ حکیم صاحب کی دوائی پاکستان کے علاوہ دوسرے ممالک میں بھی کثیر تعداد میں جاتی تھی۔ آپ فرماتے تھے کہ میں اپنے ہر مریض کے لئے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اسے شفا دے۔

محترم حکیم صاحب کی ادویات چونکہ پورے پاکستان میں دستیاب ہیں اور اکثر خریداروں کو پتہ ہوتا ہے کہ ادویات بنانے والے احمدی ہیں۔ اکثر لوگ کہتے کہ احمدی ہیں تو پھر دوائی کھری اور اس میں اثر ہوگا۔ کئی مخالفت کر کے لوگوں سے ادویات اٹھوا دیتے تو فرمایا کرتے تھے کہ رزق دینے والی خداتعالیٰ کی ذات ہے یہ لوگ نہیں۔ خداتعالیٰ کی ذات پر بے انتہاء توکل کرتے تھے اور اپنی اولاد کو حلال روزی کی تلقین کرتے رہے۔

حکیم صاحب کی وفات پر مخالفین کے منع کرنے کے باوجود لوگ آپ کی تعزیت کے لئے آتے رہے۔

خداتعالیٰ سے دعا ہے کہ خداتعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے ان سے محبت اور شفقت کا سلوک کرے۔ ان کی اولاد در اولاد کو سلسلہ اور خلافت احمدیہ سے وابستہ رہنے کی توفیق عطا کرے۔ جیسا کہ ان کی خواہش تھی۔ آمین

نوٹ از ایڈیٹر

محترم حکیم نذر محمد صاحب کو سلسلہ اور خلافت سے بہت پیار تھا اور الفضل بہت باقاعدگی سے پڑھتے تھے۔ اگر کبھی ایک دو دن اخبار نہ پہنچتا تو دفتر فون کر کے پوچھتے۔

خاکسار کو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 1998ء میں ایڈیٹر بنایا تھا۔ تھوڑا عرصہ گزرا تھا کہ ایک دوپہر حکیم صاحب میری رہائش گاہ واقع جامعہ احمدیہ میں آئے اور بتایا کہ میں صرف یہ دیکھنے آیا ہوں کہ حضور نے کسے ایڈیٹر مقرر فرمایا ہے۔ چند دفعہ دوران سفر ان کے مطب پر رکنے کا اتفاق ہوا تو قلیل وقت میں مہمان نوازی کی بھرپور کوشش کی۔ دکھایا کہ میں نے کاؤنٹر پر الفضل رکھا ہوا ہے اور اس پر مختلف قسم کے نشان لگائے ہوئے ہیں یہ دعوت الی اللہ کے لئے تھا۔ مجھے ایک بار سر درد کی شکایت ہوگئی تو ادویہ بھجوائیں اور مسلسل خبر رکھتے رہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔

کلام الامام

دعا کی قبولیت کے لئے شرائط:

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

جہاں تک مجھے خدا تعالیٰ نے دعاؤں کے بارے میں علم دیا ہے وہ یہ ہے کہ دعا کے قبول ہونے کے لئے تین شرطیں ہیں۔

اوّل۔ دعا کرنے والا کامل درجہ پر متقی ہو کیونکہ خدا تعالیٰ کا مقبول وہی بندہ ہوتا ہے جس کا شعار تقویٰ ہو اور جس نے تقویٰ کی باریک راہوں کو مضبوط پکڑا ہو اور جو امین اور متقی اور صادق العہد ہونے کی وجہ سے منظور نظر الٰہی ہو اور محبت ذاتیہ الٰہیہ سے معمور اور پُر ہو۔

دوسری شرط یہ ہے کہ اس کی عقدِ ہمت اور توجہ اس قدر ہو کہ گویا ایک شخص کے زندہ کرنے کے لئے ہلاک ہو جائے اور ایک شخص کو قبر سے باہر نکالنے کے لئے آپ گور میں داخل ہو۔ اس میں راز یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کو اپنے مقبول بندے اس سے زیادہ پیارے ہوتے ہیں جیسا کہ ایک خوبصورت بچہ جو ایک ہی ہو اس کی ماں کو پیارا ہوتا ہے۔ پس جب کہ خدائے کریم و رحیم دیکھتا ہے کہ ایک مقبول و محبوب اس کا ایک شخص کی جان بچانے کے لئے روحانی مشقتوں اور تضرعات اور مجاہدات کی وجہ سے اس حد تک پہنچ گیا ہے کہ قریب ہے کہ اس کی جان نکل جائے تو اس کو علاقۂ محبت کی وجہ سے ناگوار گذرتا ہے کہ اسی حال میں اس کو ہلاک کر دے۔ تب اس کے لئے اس دوسرے شخص کا گناہ بخش دیتا ہے جس کے لئے وہ پکڑا گیا تھا پس اگر وہ کسی مہلک بیماری میں گرفتار ہے یا اور کسی بلا میں اسیر و لاچار ہے تو اپنی قدرت سے ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے جس سے رہائی ہو جائے اور بسا اوقات اُس کا ارادہ ایک شخص کے قطعی طور پر ہلاک کرنے یا برباد کرنے پر قرار یافتہ ہوتا ہے لیکن جب ایک مصیبت زدہ کی خوش قسمتی سے ایسا شخص پر درد تضرعات کے ساتھ درمیان میں آپڑتا ہے جس کو حضرت عزت میں وجاہت ہے تو وہ مثل مقدمہ جو سزا دینے کے لئے مکمل اور مرتب ہو چکی ہے چاک کرنی پڑتی ہے کیونکہ اب بات اغیار سے یار کی طرف منتقل ہو جاتی ہے اور یہ کیونکر ہو سکے کہ خدا اپنے سچے دوستوں کو عذاب دے۔

3۔ تیسری شرط استجابت دعا کے لئے ایک ایسی شرط ہے جو تمام شرطوں سے مشکل تر ہے کیونکہ اس کا پورا کرنا خدا کے مقبول بندوں کے ہاتھ میں نہیں بلکہ اس شخص کے ہاتھ میں ہے جو دعا کرانا چاہتا ہے اور وہ یہ ہے کہ نہایت صدق اور کامل اعتقاد اور کامل یقین اور کامل ارادت اور کامل غلامی کے ساتھ دعا کا خواہاں ہو اور یہ دل میں فیصلہ کرلے کہ اگر دعا قبول بھی نہ ہو تاہم اس کے اعتقاد اور ارادت میں فرق نہیں آئے گا اور دعا کرانا آزمائش کے طور پر نہ ہو بلکہ سچے اعتقاد کے طور پر ہو اور نہایت نیاز مندی سے اس کے دروازے پر گرے اور جہاں تک اس کے لئے ممکن ہے مال سے خدمت سے ہر ایک طور کی اطاعت سے ایسا قرب پیدا کرے کہ اس کے دل کے اندر داخل ہو جائے اور بااین ہمہ نہایت درجہ پر نیک ظن ہو اور اس کو نہایت درجہ کا متقی سمجھے اور اس کی مقدس شان کے برخلاف ایک خیال بھی دل میں لانا کفر خیال کرے اور اس قسم کی طرح طرح کی جاں نثاری دکھلا کر سچے اعتقاد کو اس پر ثابت اور روشن کر دے اور اس کی مثل دنیا میں کسی کو بھی نہ سمجھے اور جان سے مال سے آبرو سے اس پر فدا ہو جائے۔ اور کوئی کلمہ کسرِ شان کا کسی پہلو سے اس کی نسبت زبان پر نہ لائے اور نہ دل میں۔

☆..................☆..................☆

مشہور شہر

کوپن ھیگن۔ڈنمارک کا سب سے بڑا شہر

یہ شہر زی لینڈ کے جزیرے پر دنیا کی بڑی چلیپائی شاہراہوں (cross roads) پر واقع ہے۔ہوائی راستے سے پانچوں براعظموں کو اسی مقام پر ملاتے ہیں۔ڈنمارک کی زبان میں کوبن ہاون (koben havn) جبکہ لاطینی میں اسے ہفینا (Hafina) کہا جاتا ہے۔یہ وسطی یورپ سے خشکی کے راستوں کے ذریعے جزیرہ سکنڈے نیویا سے بھی مربوط ہے۔

یہ شہر یورپ کے قدیم ترین دارالحکومتوں میں سے ایک ہے اور صدیوں تک ڈنمارک کا ثقافتی مرکز رہا ہے اور یہی نہیں بلکہ یہ بڑا صنعتی اور تجارتی مرکز بھی ہے۔اس کی آبادی 56 لاکھ سے زائد نفوس پر مشتمل ہے۔

کوپن ہیگن کی بنیاد آرچ بشپ ایپسلن (Absalon) نے وینڈش قزاقوں سے آزاد کرا کر 1167ء میں ایک قلعہ کی تعمیر پر رکھی۔1369ء میں لیوبک کی فوجوں نے اس پر قبضہ کر لیا اور اس سلسلے میں انہوں نے 47 مزدور بھیجے جن کے ذمے یہ کام لگایا گیا کہ وہ قلعہ کو مسمار کریں اور شہر کو زمین بوس کر دیں۔ 1443ء میں اسے ڈنمارک کا دارالحکومت قرار دیا گیا۔یہ بتدریج وسیع سے وسیع تر ہوتا چلا گیا تاہم 1658-1660ء میں اسے پروٹسٹنٹ اصلاح پسندوں اور سویڈن کے ساتھ جنگوں کے نتیجے میں تباہی و بربادی کا سامنا کرنا پڑا۔1800ء کے عشرے میں برطانوی بمباری سے اسے مزید نقصان اُٹھانا پڑا۔دوسری جنگ عظیم میں شہر کو تو کوئی نقصان نہ پہنچا لیکن اس کے جہاز سازی کے کارخانوں کا کافی نقصان ہوا۔9/اپریل 1940ء کو جرمنی نے اس پر قبضہ کر لیا اور 5 مئی 1945ء تک اس کے قبضے میں رہا۔

شہر میں درج ذیل قابل دید مقامات ہیں۔

شہر اور بندرگاہ

کشتی اور بس کے ذریعے شہر کا سفر بڑا خوشگوار ہوتا ہے۔صنعتی فن کے سفر میں جارج جینسن سلور ورکشاپ (Georg Jensen Silver Workshop) رائل پورسلین فیکٹری اور دستکاری کے بہت سے شورومز دیکھنے کو ملیں گے۔کوپن ہیگن میں پرائیٹ نمائشیں بھی منعقد کی جاتی ہیں۔

امالین بورگ پیلس

یہ محل اپنی طرز تعمیر کے اعتبار سے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔یہ شاہ ڈنمارک کی رہائش گاہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

روزن بورگ قلعہ

یہ ایک خوبصورت محل ہے اسے شاہ کرسچین چہارم نے بنوایا۔اس نے کوپن ہیگن میں اور بھی خوبصورت عمارات تعمیر کرائیں۔

دی کنگز گارڈن

یہ کانگز ہیو (kongens have) میں واقع ہے۔یہ رنگا رنگ پھولوں سے مزین ہے یہاں بڑے بڑے درخت لگائے گئے ہیں۔

